ایمرجنگ ایشیاکپ میں پاکستان شاہینز کا فاتحانہ آغاز۔

- نیپال کو 4 وکٹوں سے ہرادیا۔ شاہنواز دھانی کی پانچ وکٹیں، طیب طاہر کی نصف سنچری

کولمبو 14 جولائی، 2023:

شاہنواز دھانی کی پانچ وکٹوں اور طیب طاہر کی نصف سنچری کے نتیجے میں پاکستان شاہینز نے ایمرجنگ ایشیاکپ میں ٹائٹل کے دفاع کی طرف پیش قدمی جیت سے شروع کردی۔

جمعہ کے روز کولمبو کرکٹ کلب گراؤنڈ میں کھیلے گئے اپنے پہلے میچ میں پاکستان شاہینز نے نیپال کو چار وکٹوں سے ہرادیا۔

نیپال نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کی اور پوری ٹیم 37 اوورز میں 179 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔

پاکستان شاہینز نے 180 رنز کا ہدف 32 اعشاریہ 5 اوورز میں چھ وکٹوں کے نقصان پر حاصل کرلیا۔

ایک موقع پر نیپال کی آٹھ وکٹیں 72 رنز پر گر گئی تھیں لیکن سومپال کامی کی عمدہ بیٹنگ کے سبب وہ 179 تک پہنچنے میں کامیاب ہوسکی۔

سومپال کامی نے 101 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 9 چوکوں اور 2 چھکوں کی مدد سے 75 رنز بنائے۔
پراتش چیتری نے 26 رنز اسکور کیے۔ ان کی اننگز میں دو چھکے اور ایک چوکا شامل تھا۔

ان دونوں نے نویں وکٹ کی شراکت میں 58 رنز کا اضافہ کیا۔ یہ پارٹنرشپ مبصر خان نے پراتش چیتری کو آؤٹ کرکے ختم کی۔

سومپال کامی نے للت نارائن راجبانشی کے ساتھ آخری وکٹ کی شراکت میں بھی قیمتی 49 رنز کا اضافہ کیا جس میں للت نارائن کا حصہ صرف ایک رن رہا۔

شاہنواز دھانی نے 10 اوورز کی بولنگ میں 38 رنز کے عوض پانچ وکٹیں حاصل کیں۔

محمد وسیم جونیئر نے 10 اوورز میں 51 رنز دے کر 4 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

صائم ایوب اور حسیب اللہ نے اپنی ٹیم کو 37 رنز کا اسٹارٹ دیا۔ حسیب اللہ 12 اور صائم ایوب تین چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 24 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے جس کے بعد عمیر بن یوسف اور طیب طاہر نے تیسری وکٹ کی شراکت میں 64 رنز کا اضافہ کیا۔

عمیر بن یوسف چار چوکوں کی مدد سے 36 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔

طیب طاہر نے چھ چوکوں کی مدد سے 67 گیندوں پر 51 رنز کی اننگز کھیلی۔

کامران غلام 31 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔ کپتان محمد حارث 9 رنز بنا پائے۔

للت نارائن نے 50 رنز دے کر تین وکٹیں حاصل کیں۔

پاکستان شاہینز کا دوسرا میچ 17 جولائی کو متحدہ عرب امارات اے کے خلاف ہو گا جبکہ 19 جولائی کو وہ انڈیا اے کے خلاف مد مقابل ہو گی۔

مختصر اسکور۔

نیپال 179 رنز (37 اوورز) سومپال کامی 75۔ شاہنواز دھانی 38/5 وکٹ۔ محمد وسیم جونیئر 51/4 وکٹ۔

پاکستان شاہینز 181 رنز 6 کھلاڑی آؤٹ (32 اعشاریہ 5 اوورز)۔ طیب طاہر 51۔ عمیر بن یوسف 36۔ للت نارائن 50/3 وکٹ۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial